

# اَلۡاَنۡفَال

## بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

يَسۡـَٔلُوۡنَكَ عَنِ الۡاَنۡفَالِ ؕ قُلِ الۡاَنۡفَالُ لِلّٰهِ وَ الرَّسُوۡلِ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَ اَصۡلِحُوۡا ذَاتَ بَيۡنِكُمۡ ۖ وَاَطِيۡعُوا اللّٰهَ وَ رَسُوۡلَهٗۤ اِنۡ كُنۡتُمۡ مُّؤۡمِنِيۡنَ ﴿۱﴾

(اے نبی) دریافت کرتے ہیں یہ تم سے مال غنیمت کے بارے میں ۔ کہدو کہ مال غنیمت اللہ کے لئے اور اسکے رسول کے لئے ہے۔ تو ڈرو اللہ سے اور صلح رکھو آپس میں۔ اور اطاعت کرو اللہ کی اور اسکے رسول کی اگر تم ایمان رکھتے ہو۔

اِنَّمَا الۡمُؤۡمِنُوۡنَ الَّذِيۡنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتۡ قُلُوۡبُهُمۡ وَاِذَا تُلِيَتۡ عَلَيۡهِمۡ اٰيٰتُهٗ زَادَتۡهُمۡ اِيۡمَانًا وَّ عَلٰى رَبِّهِمۡ يَتَوَكَّلُوۡنَ ۖۚ ﴿۲﴾

در حقیقت مومن تو وہ ہیں کہ جب ذکر کیا جاتا ہے اللہ کا تو ڈر جاتے ہیں انکے دل اور جب پڑھی جاتی ہیں ان کے سامنے اسکی آیتیں تو بڑھ جاتا ہے ان کا ایمان ۔ اور اپنے رب پر وہ بھروسہ رکھتے ہیں۔

الَّذِيۡنَ يُقِيۡمُوۡنَ الصَّلٰوةَ وَ مِمَّا

وہ جو قائم کرتے ہیں نماز اور اس میں سے جو

| | |
|---|---|
| رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۗ ﴿٣﴾ | ہم نے انکو دیا ہے خرچ کرتے ہیں۔ |
| أُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا ۗ لَهُمْ دَرَجٰتٌ عِنْدَ ج رَبِّهِمْ وَ مَغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ﴿٤﴾ | یہی لوگ ہیں جو مومن ہیں سچے۔ انکے لئے بڑے درجے ہیں انکے رب کے پاس اور مغفرت ہے اور رزق ہے بہترین۔ |
| كَمَآ اَخْرَجَكَ رَبُّكَ مِنْۢ بَيْتِكَ بِالْحَقِّ ص وَ اِنَّ فَرِيْقًا لا مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ لَكٰرِهُوْنَ ﴿٥﴾ | جس طرح کہ نکالا تم کو تمہارے رب نے تمہارے گھر سے حق کے ساتھ۔ اور یقیناً ایک جماعت مومنوں کی کہ وہ بالکل ناخوش تھے۔ |
| يُجَادِلُوْنَكَ فِى الْحَقِّ بَعْدَ مَا تَبَيَّنَ كَاَنَّمَا يُسَاقُوْنَ اِلَى الْمَوْتِ وَ هُمْ يَنْظُرُوْنَ ۗ ﴿٦﴾ | جھگڑنے لگے تھے وہ لوگ تم سے حق کے معاملہ میں بعد اسکے کہ ظاہر ہوچکا تھا وہ۔ گویا کہ وہ ہانکے جاتے ہیں موت کی طرف اور وہ (اسے) دیکھ رہے ہیں۔ |
| وَاِذْ يَعِدُكُمُ اللّٰهُ اِحْدَى الطَّآئِفَتَيْنِ اَنَّهَا لَكُمْ وَتَوَدُّوْنَ اَنَّ غَيْرَ ذَاتِ الشَّوْكَةِ تَكُوْنُ لَكُمْ وَ يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّحِقَّ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَ يَقْطَعَ | اور جب وعدہ کررہا تھا تم سے اللہ ایک کا دو گروہوں میں سے کہ وہ تمہارے لئے (مغلوب ہو جائے گا)۔ اور تم چاہتے تھے کہ بے شان و شوکت (بے ہتھیار قافلہ) مل جائے تمہیں اور چاہتا تھا اللہ کہ قائم رکھے حق کو اپنے |

| | |
|---|---|
| دَابِرَ الْكٰفِرِيْنَ ۙ﴿۷﴾ | فرمان سے اور کاٹ دے جڑ کافروں کی ۔ |
| لِيُحِقَّ الْحَقَّ وَ يُبْطِلَ الْبَاطِلَ وَ لَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۸﴾ | تاکہ سچ کر دے حق کو اور جھوٹ کر دے باطل کو۔ اگرچہ کہ ناگوار گذرے یہ مجرموں کو۔ |
| اِذْ تَسْتَغِيْثُوْنَ رَبَّكُمْ فَاسْتَجَابَ لَكُمْ اَنِّيْ مُمِدُّكُمْ بِاَلْفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ مُرْدِفِيْنَ ﴿۹﴾ | جب تم فریاد کر رہے تھے اپنے رب سے تو اس نے دعا قبول کرلی تمہاری۔ بیشک میں مدد کروں گا تمہاری ایک ہزار فرشتوں سے جو ایکدوسرے کے پیچھے آتے جائیں گے ۔ |
| وَمَا جَعَلَهُ اللّٰهُ اِلَّا بُشْرٰى وَلِتَطْمَئِنَّ بِهٖ قُلُوْبُكُمْ ۚ وَمَا النَّصْرُ اِلَّا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۱۰﴾ | اور نہیں بنایا اس (مدد) کو اللہ نے مگر بشارت اور تاکہ مطمئن ہو جائیں اس سے تمہارے دل۔ اور نہیں ہے مدد مگر اللہ کی طرف سے ۔ بیشک اللہ غالب ہے حکمت والا ہے۔ |
| اِذْ يُغَشِّيْكُمُ النُّعَاسَ اَمَنَةً مِّنْهُ وَيُنَزِّلُ عَلَيْكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَآءً لِّيُطَهِّرَكُمْ بِهٖ وَ يُذْهِبَ عَنْكُمْ رِجْزَ الشَّيْطٰنِ وَ لِيَرْبِطَ عَلٰى قُلُوْبِكُمْ وَ يُثَبِّتَ بِهِ الْاَقْدَامَ ؕ﴿۱۱﴾ | جب طاری کررہا تھا وہ تم پر غنودگی تسکین کے لئے اپنی طرف سے۔ اور نازل کررہا تھا تم پر آسمان سے پانی تاکہ پاک کر دے تم کو اس سے ۔ اور دور کر دے تم سے نجاست شیطان کی اور تاکہ مضبوط کردے تمہارے دلوں کو اور جمائے رکھے اس سے تمہارے قدموں کو۔ |

إِذْ يُوحِيْ رَبُّكَ إِلَى الْمَلٰٓئِكَةِ أَنِّيْ
مَعَكُمْ فَثَبِّتُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ؕ سَاُلْقِيْ
فِيْ قُلُوْبِ الَّذِيْنَ كَفَرُوا الرُّعْبَ
فَاضْرِبُوْا فَوْقَ الْاَعْنَاقِ وَ اضْرِبُوْا
مِنْهُمْ كُلَّ بَنَانٍ ؕ ﴿١٢﴾

جب ارشاد فرمارہا تھا تمہارا رب فرشتوں سے کہ میں تمہارے ساتھ ہوں تو ثابت قدم رکھو ان کو جو ایمان لائے۔ تو میں ڈالے دیتا ہوں دلوں میں انکے جنہوں نے کفر کیا ہیبت سو ضرب لگاؤ تم انکی گردنوں پر۔ اور ضرب لگاؤ انکے ہر ایک جوڑ پر۔

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ شَآقُّوا اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ ۚ
وَمَنْ يُّشَاقِقِ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ فَاِنَّ
اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿١٣﴾

یہ اس لئے کہ انہوں نے مخالفت کی اللہ اور اسکے رسول کی۔ اور جو مخالفت کرتا ہے اللہ اور اسکے رسول کی تو یقیناً اللہ سخت عذاب دینے والا ہے۔

ذٰلِكُمْ فَذُوْقُوْهُ وَ اَنَّ لِلْكٰفِرِيْنَ
عَذَابَ النَّارِ ﴿١٤﴾

یہ ہے تمہاری (سزا) تو چکھو مزا اس کا اور یقیناً کافروں کے لئے عذاب ہے آگ کا۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا لَقِيْتُمُ
الَّذِيْنَ كَفَرُوْا زَحْفًا فَلَا تُوَلُّوْهُمُ
الْاَدْبَارَ ﴿١٥﴾

اے وہ لوگوں جو ایمان لائے جب مقابلہ ہو تمہارا ان لوگوں سے جنہوں نے کفر کیا میدان جنگ میں تو نہ پھیرنا تم ان سے پیٹھیں۔

وَ مَنْ يُّوَلِّهِمْ يَوْمَئِذٍ دُبُرَهٗٓ اِلَّا

اور جو پھیرے گا اُن سے اُس دن اپنی پیٹھ مگر یہ

| | |
|---|---|
| مُتَحَرِّفًا لِّقِتَالٍ اَوْ مُتَحَيِّزًا اِلٰى فِئَةٍ فَقَدْ بَآءَ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَ مَاْوٰىهُ جَهَنَّمُ ؕ وَ بِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿۱۶﴾ | کہ چال چلتا ہو جنگ کے لیئے یا جا ملنا چاہے اپنی فوج میں تو یقیناً وہ لے آیا غضب اللہ کا اور اس کا ٹھکانہ ہے دوزخ۔ اور بری ہے وہ لوٹنے کی جگہ۔ |
| فَلَمْ تَقْتُلُوْهُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ قَتَلَهُمْ ۪ وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى ۚ وَ لِيُبْلِيَ الْمُؤْمِنِيْنَ مِنْهُ بَلَآءً حَسَنًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۷﴾ | پس نہیں قتل کیا تم نے انہیں بلکہ اللہ نے انہیں قتل کیا۔ اور نہیں پھینکی تھیں تم نے (کنکریاں) جب تم نے پھینکی تھیں بلکہ اللہ نے پھینکی تھیں۔ اور تاکہ آزما لے وہ مومنوں کو اپنی طرف سے ایک اچھی آزمائش سے۔ بیشک اللہ سنتا ہے جانتا ہے۔ |
| ذٰلِكُمْ وَ اَنَّ اللّٰهَ مُوْهِنُ كَيْدِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۸﴾ | یہ (معاملہ) تو تمہارا۔ اور بیشک اللہ کمزور کر دینے والا ہے چال کو کافروں کی۔ |
| اِنْ تَسْتَفْتِحُوْا فَقَدْ جَآءَكُمُ الْفَتْحُ ۚ وَاِنْ تَنْتَهُوْا فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۚ وَ اِنْ تَعُوْدُوْا نَعُدْ ۚ وَ لَنْ تُغْنِيَ عَنْكُمْ فِئَتُكُمْ شَيْئًا وَّلَوْ كَثُرَتْ ۙ وَ اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۹﴾ ع | اگر تم فیصلہ چاہتے ہو تو یقیناً آچکا ہے تمہارے پاس فیصلہ۔ اور اگر باز آجاؤ تم تو یہ بہتر ہے تمہارے لیئے۔ اور اگر تم پھر وہی کروگے تو ہم بھی (ایسا ہی) کریں گے۔ اور ہرگز نہ کام آئیگی تمہارے تمہاری جماعت کچھ بھی خواہ کثرت سے ہو اور یقیناً اللہ ساتھ ہے مومنوں کے۔ |

| | |
|---|---|
| يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡۤا اَطِيۡعُوا اللّٰهَ وَرَسُوۡلَهٗ وَ لَا تَوَلَّوۡا عَنۡهُ وَ اَنۡتُمۡ تَسۡمَعُوۡنَ ۚۖ ﴿۲۰﴾ | اے وہ لوگوں جو ایمان لائے ہو اطاعت کرو اللہ کی اور اسکے رسول کی اور نہ روگردانی کرو اس سے جبکہ تم سنتے بھی ہو۔ |
| وَلَا تَكُوۡنُوۡا كَالَّذِيۡنَ قَالُوۡا سَمِعۡنَا وَهُمۡ لَا يَسۡمَعُوۡنَ ﴿۲۱﴾ | اور نہ ہونا ان لوگوں جیسے جو کہتے ہیں ہم نے سن لیا حالانکہ وہ نہیں سنتے۔ |
| اِنَّ شَرَّ الدَّوَآبِّ عِنۡدَ اللّٰهِ الصُّمُّ الۡبُكۡمُ الَّذِيۡنَ لَا يَعۡقِلُوۡنَ ﴿۲۲﴾ | یقیناً بدترین ہیں جانداروں میں اللہ کے نزدیک بہرے گونگے لوگ ہیں نہیں عقل رکھتے۔ |
| وَ لَوۡ عَلِمَ اللّٰهُ فِيۡهِمۡ خَيۡرًا لَّاَسۡمَعَهُمۡ ؕ وَ لَوۡ اَسۡمَعَهُمۡ لَتَوَلَّوۡا وَّهُمۡ مُّعۡرِضُوۡنَ ﴿۲۳﴾ | اور اگر جانتا اللہ ان میں کچھ خیر تو ضرور انکو سننے کی توفیق بخشتا اور اگر وہ (یونہی) انہیں سنوا دیتا تو وہ پھر جاتے۔ اور وہ ہیں ہی روگردانی کرنیوالے۔ |
| يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوا اسۡتَجِيۡبُوۡا لِلّٰهِ وَ لِلرَّسُوۡلِ ۚ اِذَا دَعَاكُمۡ لِمَا يُحۡيِيۡكُمۡ ۚ وَ اعۡلَمُوۡۤا اَنَّ اللّٰهَ يَحُوۡلُ بَيۡنَ الۡمَرۡءِ وَ قَلۡبِهٖ وَ اَنَّهٗۤ اِلَيۡهِ تُحۡشَرُوۡنَ ﴿۲۴﴾ | اے وہ لوگوں جو ایمان لائے ہو قبول کرو دعوت اللہ کی اور اسکے رسول کی جب وہ بلائیں تمہیں اس چیز کی طرف جو تم کو زندگی عطا کرتی ہے۔ اور جان رکھو کہ اللہ حائل ہو جاتا ہے درمیان میں آدمی اور اسکے قلب کے اور یہ کہ اسی کے روبرو تم جمع کئے جاؤگے۔ |

| | |
|---|---|
| وَ اتَّقُوۡا فِتۡنَةً لَّا تُصِيۡبَنَّ الَّذِيۡنَ ظَلَمُوۡا مِنۡكُمۡ خَآصَّةً ۚ وَّ اعۡلَمُوۡۤا اَنَّ اللّٰهَ شَدِيۡدُ الۡعِقَابِ ﴿۲۵﴾ | اور ڈرو اس فتنے سے نہ جو واقع ہو گا انہی لوگوں پر جنہوں نے ظلم کیا تم میں سے خاص طور پر۔ اور جان رکھو کہ اللہ سخت ہے عذاب دینے میں۔ |
| وَ اذۡكُرُوۡۤا اِذۡ اَنۡتُمۡ قَلِيۡلٌ مُّسۡتَضۡعَفُوۡنَ فِى الۡاَرۡضِ تَخَافُوۡنَ اَنۡ يَّتَخَطَّفَكُمُ النَّاسُ فَاٰوٰٮكُمۡ وَاَيَّدَكُمۡ بِنَصۡرِهٖ وَ رَزَقَكُمۡ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ لَعَلَّكُمۡ تَشۡكُرُوۡنَ ﴿۲۶﴾ | اور یاد کرو جب تم قلیل تھے۔ ضعیف سمجھے جاتے تھے زمین میں۔ ڈرتے رہتے تھے تم کہ اچک لے جائیں گے تمہیں لوگ تو اس نے تم کو پناہ دی اور تقویت بخشی تم کو اپنی مدد سے اور رزق عطا کیا تم کو پاکیزہ چیزوں میں سے تاکہ تم شکر ادا کرو۔ |
| يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا لَا تَخُوۡنُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوۡلَ وَ تَخُوۡنُوۡۤا اَمٰنٰتِكُمۡ وَاَنۡتُمۡ تَعۡلَمُوۡنَ ﴿۲۷﴾ | اے وہ لوگوں جو ایمان لائے ہو نہ خیانت کرو اللہ اور رسول سے اور (نہ) خیانت کرو اپنی امانتوں میں اور تم جانتے ہو۔ |
| وَاعۡلَمُوۡۤا اَنَّمَاۤ اَمۡوَالُكُمۡ وَ اَوۡلَادُكُمۡ فِتۡنَةٌ ۙ وَّ اَنَّ اللّٰهَ عِنۡدَهٗۤ اَجۡرٌ عَظِيۡمٌ ﴿۲۸﴾ ع | اور جان رکھو کہ درحقیقت تمہارے اموال اور تمہاری اولاد بڑی آزمائش ہیں۔ اور یہ کہ اللہ ہی کے پاس ہے اجر عظیم۔ |
| يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡۤا اِنۡ تَتَّقُوا اللّٰهَ | اے وہ لوگوں جو ایمان لائے ہو اگر تم ڈرو گے |

يَجْعَل لَّكُمْ فُرْقَانًا وَّيُكَفِّرْ عَنْكُمْ
سَيِّاٰتِكُمْ وَ يَغْفِرْ لَكُمْ ؕ وَ اللّٰهُ ذُو
الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿٢٩﴾

اللہ سے تو وہ ظاہر کر دے گا تمہارے لئے حق و باطل کا فرق اور دور کر دے گا تم سے تمہاری برائیاں اور مغفرت کر دے گا تمہاری۔ اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔

وَ اِذْ يَمْكُرُ بِكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا
لِيُثْبِتُوْكَ اَوْ يَقْتُلُوْكَ اَوْ يُخْرِجُوْكَ ؕ
وَيَمْكُرُوْنَ وَ يَمْكُرُ اللّٰهُ ؕ وَ اللّٰهُ
خَيْرُ الْمٰكِرِيْنَ ﴿٣٠﴾

اور جب چال چل رہے تھے تمہارے خلاف وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا کہ قید کر دیں تمہیں یا قتل کر دیں تمہیں یا جلاوطن کر دیں تمہیں۔ اور وہ چال چل رہے تھے اور تدبیر کر رہا تھا اللہ ۔اور اللہ بہترین تدبیر کرنے والا ہے۔

وَ اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا قَالُوْا قَدْ
سَمِعْنَا لَوْ نَشَآءُ لَقُلْنَا مِثْلَ هٰذَآ ۙ اِنْ
هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿٣١﴾

اور جب تلاوت کی جاتی ہیں ان کے سامنے ہماری آیتیں تو کہتے ہیں سن لیا ہے ہم نے اگر ہم چاہیں تو ضرور کہدیں ہم بھی اسی جیسا۔ نہیں ہیں یہ مگر حکایتیں اگلے لوگوں کی۔

وَاِذْ قَالُوا اللّٰهُمَّ اِنْ كَانَ هٰذَا هُوَ الْحَقَّ
مِنْ عِنْدِكَ فَاَمْطِرْ عَلَيْنَا حِجَارَةً مِّنَ
السَّمَآءِ اَوِ ائْتِنَا بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿٣٢﴾

اور جب کہا انہوں نے اے اللہ اگر ہے یہ ہی (قرآن) برحق تیری طرف سے تو برسا ہم پر پتھر آسمان سے یا بھیج دے ہم پر عذاب دکھ دینے والا۔

وَ مَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَ اَنْتَ

اور نہیں ہے اللہ (ایسا) کہ عذاب دے انکو

فِيْهِمْ ؕ وَ مَا كَانَ اللّٰهُ مُعَذِّبَهُمْ
وَهُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ ﴿٣٣﴾

جبکہ تم ہو ان میں ۔ اور نہیں ہے اللہ انہیں
عذاب دینے والا جبکہ وہ استغفار کرتے ہوں ۔

وَ مَا لَهُمْ اَلَّا يُعَذِّبَهُمُ اللّٰهُ وَهُمْ
يَصُدُّوْنَ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَمَا
كَانُوْۤا اَوْلِيَآءَهٗ ؕ اِنْ اَوْلِيَآؤُهٗۤ اِلَّا
الْمُتَّقُوْنَ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا
يَعْلَمُوْنَ ﴿٣٤﴾

اور کونسی (وجہ) ہے ان کے لئے کہ نہ
عذاب دے انہیں اللہ جبکہ وہ روکتے ہیں
مسجد حرام سے حالانکہ نہیں ہیں وہ اس کے
متولی ۔ نہیں ہیں اسکے متولی مگر وہ جو متقی
ہیں ۔ لیکن ان میں سے اکثر نہیں جانتے ۔

وَمَا كَانَ صَلَاتُهُمْ عِنْدَ الْبَيْتِ اِلَّا
مُكَآءً وَّ تَصْدِيَةً ؕ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ
بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿٣٥﴾

اور نہ تھی ان کی نماز خانہ کعبہ کے پاس سوائے
سیٹیاں اور تالیاں بجانے کے ۔ تو مزہ چکھو
عذاب کا اسکے بدلے جو کفر تم کرتے تھے ۔

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ
لِيَصُدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ فَسَيُنْفِقُوْنَهَا
ثُمَّ تَكُوْنُ عَلَيْهِمْ حَسْرَةً ثُمَّ
يُغْلَبُوْنَ ؕ۬ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْۤا اِلٰى جَهَنَّمَ
يُحْشَرُوْنَ ۙ ﴿٣٦﴾

یقیناً وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا خرچ کرتے ہیں
اپنے اموال تاکہ روکیں (لوگوں کو) اللہ کے
راستے سے ۔ سو وہ اسے خرچ کریں گے پھر
ہوجائے گا وہ انکے لئے باعث حسرت پھر وہ
ہو جائیں گے مغلوب ۔ اور وہ لوگ جنہوں نے
کفر کیا دوزخ کی طرف گھیر کر لائے جائیں گے ۔

لِيَمِيزَ اللّٰهُ الْخَبِيْثَ مِنَ الطَّيِّبِ وَ يَجْعَلَ الْخَبِيْثَ بَعْضَهٗ عَلٰى بَعْضٍ ط فَيَرْكُمَهٗ جَمِيْعًا فَيَجْعَلَهٗ فِىْ جَهَنَّمَ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ع ٣٧

تاکہ چھانٹ کر الگ کر دے اللہ گندگی کو پاکیزگی سے اور ڈالتا جائے گندگی کو ایک کے اوپر دوسری۔ پھر ایک ڈھیر بنا دے اس سب کا۔ پھر ڈال دے اسکو دوزخ میں۔ یہی لوگ ہیں جو خسارہ پانے والے ہیں۔

قُلْ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ يَّنْتَهُوْا يُغْفَرْ لَهُمْ مَّا قَدْ سَلَفَ ج وَاِنْ يَّعُوْدُوْا فَقَدْ مَضَتْ سُنَّتُ الْاَوَّلِيْنَ ٣٨

کہدو ان لوگوں سے جنہوں نے کفر کیا کہ اگر وہ باز آجائیں تو معاف کر دیا جائے گا انہیں اس پر جو پہلے ہو چکا۔ اور اگر وہ پھر وہی کریں گے تو یقیناً نافذ ہو چکا ہے (ہمارا) قانون پہلے لوگوں پر۔

وَ قَاتِلُوْهُمْ حَتّٰى لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ وَّيَكُوْنَ الدِّيْنُ كُلُّهٗ لِلّٰهِ ج فَاِنِ انْتَهَوْا فَاِنَّ اللّٰهَ بِمَا يَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ٣٩

اور جنگ کرتے رہو ان سے یہاں تک کہ نہ باقی رہے فتنہ اور ہو جائے دین پورے کا پورا اللہ کے لئے۔ پھر اگر وہ باز آجائیں تو یقیناً اللہ اسکو جو کچھ تم کرتے ہو دیکھ رہا ہے۔

وَ اِنْ تَوَلَّوْا ط فَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَوْلٰكُمْ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَ نِعْمَ النَّصِيْرُ ٤٠

اور اگر وہ روگردانی کریں تو جان رکھو کہ اللہ تمہارا حمایتی ہے۔ بہترین حمایتی ہے اور بہترین مددگار ہے۔

وَ اعْلَمُوْٓا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِّنْ شَیْءٍ

اور جان رکھو کہ جو حاصل کرو تم بطور غنیمت

فَاَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهٗ وَ لِلرَّسُوۡلِ وَلِذِی
الۡقُرۡبٰی وَالۡیَتٰمٰی وَالۡمَسٰکِیۡنِ وَ ابۡنِ
السَّبِیۡلِ اِنۡ کُنۡتُمۡ اٰمَنۡتُمۡ بِاللّٰهِ
وَمَاۤ اَنۡزَلۡنَا عَلٰی عَبۡدِنَا یَوۡمَ الۡفُرۡقَانِ
یَوۡمَ الۡتَقَی الۡجَمۡعٰنِ وَاللّٰهُ عَلٰی کُلِّ
شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ ﴿۴۱﴾

کوئی چیز تو ہے اللہ کے لئے اس کا پانچواں
حصہ اور اسکے رسول کے لئے اور اہل قرابت
کا اور یتیموں کا اور محتاجوں کا اور مسافروں کا ۔
اگر تم ایمان رکھتے ہو اللہ پر اور اس پر جو نازل
فرمایا ہم نے اپنے بندے پر فیصلے کے دن
جس دن بھڑ گئی تھیں دونوں فوجیں ۔ اور اللہ
ہر چیز پر قادر ہے ۔

اِذۡ اَنۡتُمۡ بِالۡعُدۡوَةِ الدُّنۡیَا وَ هُمۡ
بِالۡعُدۡوَةِ الۡقُصۡوٰی وَ الرَّکۡبُ
اَسۡفَلَ مِنۡکُمۡ وَ لَوۡ تَوَاعَدۡتُّمۡ
لَاخۡتَلَفۡتُمۡ فِی الۡمِیۡعٰدِ وَلٰکِنۡ
لِّیَقۡضِیَ اللّٰهُ اَمۡرًا کَانَ مَفۡعُوۡلًا
لِّیَهۡلِكَ مَنۡ هَلَكَ عَنۡۢ بَیِّنَةٍ
وَّیَحۡیٰی مَنۡ حَیَّ عَنۡۢ بَیِّنَةٍ وَ اِنَّ
اللّٰهَ لَسَمِیۡعٌ عَلِیۡمٌ ﴿۴۲﴾

جب تم (تھے وادی بدر کے) کنارے پر
قریب کے ۔ اور وہ (کفار) کنارے پر دور کے
اور قافلہ نیچے (ساحل) کی طرف تھا تم
سے ۔ اور اگر تم باہم وعدہ کرلیتے تو نہ پہنچتے
وقت معین پر ۔ لیکن (یہ منظور تھا) کہ پورا کر
ڈالے اللہ اس امر کو جو تھا ہو کر رہنے والا ۔
تاکہ ہلاک ہو جسے ہلاک ہونا تھا واضح دلیل پر
اور جیتا رہے وہ جسے جینا تھا واضح دلیل پر ۔ اور
یقیناً اللہ ضرور سنتا ہے جانتا ہے ۔

اِذۡ یُرِیۡکَهُمُ اللّٰهُ فِیۡ مَنَامِكَ

جب دکھارہا تھا انہیں اللہ تمہارے خواب میں

قَلِيلًا ۚ وَّ لَوْ اَرٰىكَهُمْ كَثِيْرًا لَّفَشِلْتُمْ وَ لَتَنَازَعْتُمْ فِي الْاَمْرِ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ سَلَّمَ ؕ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۴۳﴾

تھوڑی تعداد میں اور اگر دکھاتا تمہیں انکو بہت زیادہ تو ضرور تم ہمت چھوڑ دیتے اور آپس میں جھگڑنے لگتے اس معاملے میں۔ لیکن اللہ نے بچا لیا ۔ بیشك وہ واقف ہے سینوں کی باتوں سے ۔

وَ اِذْ يُرِيْكُمُوْهُمْ اِذِ الْتَقَيْتُمْ فِيْٓ اَعْيُنِكُمْ قَلِيْلًا وَّ يُقَلِّلُكُمْ فِيْٓ اَعْيُنِهِمْ لِيَقْضِيَ اللّٰهُ اَمْرًا كَانَ مَفْعُوْلًا ؕ وَ اِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ﴿۴۴﴾

اور جب دکھارہا تھاوہ تمہیں انکو جب تم ایک دوسرے کے مقابل ہوئے تمہاری نظروں میں تھوڑا کر کے اور تم کو تھوڑا کر کے انکی نظروں میں۔ تاکہ پورا کر ڈالے اللہ اس امر کو جو تھا ہو کر رہنے والا۔ اور اللہ ہی کی طرف لوٹائے جاتے ہیں سب معاملات۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا لَقِيْتُمْ فِئَةً فَاثْبُتُوْا وَ اذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۴۵﴾

اے وہ لوگوں جوایمان لائے ہوجب تمہارا مقابلہ ہوکسی جماعت سے تو ثابت قدم رہو اور ذکر کرو اللہ کا کثرت سے تاکہ تمکو کامیابی حاصل ہو۔

وَ اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ وَ لَا تَنَازَعُوْا فَتَفْشَلُوْا وَ تَذْهَبَ رِيْحُكُمْ وَاصْبِرُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿۴۶﴾

اور اطاعت کرو اللہ اور اسکے رسول کی۔ اور نہ جھگڑا کرو آپس میں ورنہ تم بزدل ہو جاؤ گے اور اکھڑ جائے گی تمہاری ہوا اور صبر سے کام لو۔ بیشك اللہ ساتھ ہے صبر کرنے والوں کے ۔

وَ لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ بَطَرًا وَّ رِئَآءَ النَّاسِ وَ يَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ وَ اللّٰهُ بِمَا يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطٌ ﴿۴۷﴾

اور نہ ہونا ان لوگوں کی طرح جو نکل آئے اپنے گھروں سے اتراتے ہوئے اور دکھانے کے لئے لوگوں کو اور وہ روکتے ہیں اللہ کی راہ سے ۔ اور اللہ اس کا جو کچھ یہ کرتے ہیں احاطہ کئے ہوئے ہے۔

وَاِذْ زَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ وَقَالَ لَا غَالِبَ لَكُمُ الْيَوْمَ مِنَ النَّاسِ وَ اِنِّيْ جَارٌ لَّكُمْ ۚ فَلَمَّا تَرَآءَتِ الْفِئَتٰنِ نَكَصَ عَلٰى عَقِبَيْهِ وَقَالَ اِنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّنْكُمْ اِنِّيْٓ اَرٰى مَا لَا تَرَوْنَ اِنِّيْٓ اَخَافُ اللّٰهَ ؕ وَاللّٰهُ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۴۸﴾ ع

اور جب آراستہ کر دکھائے انکو شیطان نے انکے اعمال اور کہا کہ نہ غالب ہوگا تم پر آج کے دن لوگوں میں سے۔اور یقیناً میں ہوں رفیق تمہارا۔ پھر جب آمنا سامنا ہوا دونوں فوجوں کا تو پھر گیا الٹے پیروں۔اور کہنے لگا یقیناً میں بری الذمہ ہوں تم سے۔بیشک میں دیکھ رہا ہوں وہ جو نہیں تم دیکھتے۔ یقیناً میں ڈرتا ہوں اللہ سے۔اور اللہ سخت ہے عذاب دینے میں۔

اِذْ يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ غَرَّ هٰٓؤُلَآءِ دِيْنُهُمْ ؕ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَاِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۴۹﴾

جب کہہ رہے تھے منافقین اور وہ لوگ جن کے دلوں میں تھی بیماری کہ مغرور کر رکھا ہے ان لوگوں کو ان کے دین نے ۔ اور جو بھروسہ رکھتا ہے اللہ پر تو یقیناً اللہ غالب ہے حکمت والا ہے۔

وَ لَوۡ تَرٰۤی اِذۡ یَتَوَفَّی الَّذِیۡنَ کَفَرُوا ۙ
الۡمَلٰٓئِکَۃُ یَضۡرِبُوۡنَ وُجُوۡہَہُمۡ وَ
اَدۡبَارَہُمۡ ۚ وَ ذُوۡقُوۡا عَذَابَ الۡحَرِیۡقِ ﴿۵۰﴾

اور کاش کہ دیکھو تم جب جانیں نکالتے ہیں
انکی جنہوں نے کفر کیا فرشتے کہ ضربیں لگاتے
ہیں ان کے چہروں اور انکی پیٹھوں پر اور (کہتے
ہیں) چکھو مزا آگ میں جلنے کے عذاب کا۔

ذٰلِکَ بِمَا قَدَّمَتۡ اَیۡدِیۡکُمۡ وَ اَنَّ
اللّٰہَ لَیۡسَ بِظَلَّامٍ لِّلۡعَبِیۡدِ ۙ ﴿۵۱﴾

یہ بسبب اس کے جو آگے بھیجا ہے تمہارے
ہاتھوں نے۔ اور یہ کہ اللہ نہیں ظلم کرنے
والا اپنے بندوں پر۔

کَدَاۡبِ اٰلِ فِرۡعَوۡنَ ۙ وَ الَّذِیۡنَ مِنۡ
قَبۡلِہِمۡ ؕ کَفَرُوۡا بِاٰیٰتِ اللّٰہِ فَاَخَذَہُمُ
اللّٰہُ بِذُنُوۡبِہِمۡ ؕ اِنَّ اللّٰہَ قَوِیٌّ
شَدِیۡدُ الۡعِقَابِ ﴿۵۲﴾

جیسا حال ہوا آل فرعون کا اور ان لوگوں کا جو
ان سے پہلے تھے۔ کفر کیا انہوں نے اللہ کی
آیتوں سے تو پکڑ لیا انکو اللہ نے ان کے گناہوں
کے سبب۔ بیشک اللہ زبردست ہے سخت
ہے عذاب دینے میں۔

ذٰلِکَ بِاَنَّ اللّٰہَ لَمۡ یَکُ مُغَیِّرًا
نِّعۡمَۃً اَنۡعَمَہَا عَلٰی قَوۡمٍ حَتّٰی
یُغَیِّرُوۡا مَا بِاَنۡفُسِہِمۡ ۙ وَ اَنَّ اللّٰہَ
سَمِیۡعٌ عَلِیۡمٌ ۙ ﴿۵۳﴾

یہ اس لئے کہ اللہ نہیں ہے بدلنے والا
نعمت کا جو وہ انعام کیا کرتا ہے کسی قوم پر
جب تک (نہ) بدل ڈالیں وہ جو کچھ انکے
دلوں میں ہے اور یہ کہ اللہ سنتا ہے جانتا ہے۔

کَدَاۡبِ اٰلِ فِرۡعَوۡنَ ۙ وَ الَّذِیۡنَ مِنۡ

جیسا حال ہوا آل فرعون کا اور ان لوگوں کا جو

| | |
|---|---|
| قَبۡلِهِمۡ ؕ كَذَّبُوۡا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمۡ فَاَهۡلَكۡنٰهُمۡ بِذُنُوۡبِهِمۡ وَاَغۡرَقۡنَاۤ اٰلَ فِرۡعَوۡنَ ‌ۚ وَكُلٌّ كَانُوۡا ظٰلِمِيۡنَ ﴿۵۴﴾ | ان سے پہلے تھے۔ جھٹلایا انہوں نے آیتوں کو اپنے رب کی تو ہلاک کر ڈالا ہم نے انکو ان کے گناہوں کے سبب اور غرق کردیا آل فرعون کو۔ اور وہ سب تھے ظالم۔ |
| اِنَّ شَرَّ الدَّوَآبِّ عِنۡدَ اللّٰهِ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا فَهُمۡ لَا يُؤۡمِنُوۡنَ ۖۚ ﴿۵۵﴾ | یقیناً بدتر جانداروں میں اللہ کے نزدیک وہ لوگ ہیں جنہوں نے کفر کیا سو وہ نہیں ایمان لاتے۔ |
| اَلَّذِيۡنَ عَاهَدتَّ مِنۡهُمۡ ثُمَّ يَنۡقُضُوۡنَ عَهۡدَهُمۡ فِىۡ كُلِّ مَرَّةٍ وَّهُمۡ لَا يَتَّقُوۡنَ ﴿۵۶﴾ | وہ لوگ صلح کا عہد کیا تھا تم نے جن سے پھر وہ توڑ ڈالتے ہیں اپنے عہد کو ہر مرتبہ اور وہ نہیں ڈرتے (اللہ سے)۔ |
| فَاِمَّا تَثۡقَفَنَّهُمۡ فِى الۡحَرۡبِ فَشَرِّدۡ بِهِمۡ مَّنۡ خَلۡفَهُمۡ لَعَلَّهُمۡ يَذَّكَّرُوۡنَ ﴿۵۷﴾ | پھر اگر قابو پاؤ تم انپر لڑائی میں (تو انہیں ایسی سزا دو) کہ منتشر ہو جائیں وہ لوگ جو اِن کے پس پشت ہوں شاید کہ وہ عبرت حاصل کریں۔ |
| وَاِمَّا تَخَافَنَّ مِنۡ قَوۡمٍ خِيَانَةً فَانۢبِذۡ اِلَيۡهِمۡ عَلٰى سَوَآءٍ‌ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الۡخَآٮِٕنِيۡنَ ﴿۵۸﴾ | اور اگر خوف ہو تم کو کسی قوم سے خیانت کا تو پھینک دو (ان کا عہد) انہیں کی طرف برابری کے طور پر۔ بیشک اللہ نہیں پسند کرتا خیانت کرنے والوں کو۔ |

| | |
|---|---|
| وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا سَبَقُوْا ؕ اِنَّهُمْ لَا يُعْجِزُوْنَ ﴿۵۹﴾ | اور نہ گمان کریں وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا کہ وہ بازی لے گئے ہیں۔بیشک وہ نہیں عاجز کر سکتے (اللہ کو)۔ |
| وَ اَعِدُّوْا لَهُمْ مَّا اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ قُوَّةٍ وَّ مِنْ رِّبَاطِ الْخَيْلِ تُرْهِبُوْنَ بِهٖ عَدُوَّ اللّٰهِ وَعَدُوَّكُمْ وَاٰخَرِيْنَ مِنْ دُوْنِهِمْ ۚ لَا تَعْلَمُوْنَهُمْ ۚ اَللّٰهُ يَعْلَمُهُمْ ؕ وَ مَا تُنْفِقُوْا مِنْ شَيْءٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ يُوَفَّ اِلَيْكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تُظْلَمُوْنَ ﴿۶۰﴾ | اور تیار رکھو انکے (مقابلے کے) لئے جو کچھ تم سے ہو سکے قوت کے زور سے اور گھوڑوں کے تیار رکھنے سے کہ ہیبت طاری رکھو اس سے اللہ کے دشمنوں پر اور اپنے دشمنوں پر اور دوسرے لوگوں پر انکے سوا۔ نہیں تم جانتے جنکو۔ اللہ جانتا ہے ان کو۔ اور جو خرچ کرو گے تم کوئی چیز اللہ کی راہ میں پورا پورا دیا جائے گا تمہیں (اس کا اجر) اور تمہارا نہ نقصان کیا جائے گا۔ |
| وَ اِنْ جَنَحُوْا لِلسَّلْمِ ؕ فَاجْنَحْ لَهَا وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۶۱﴾ | اور اگر جھکیں وہ صلح کی طرف تو تم بھی جھک جاؤ اس کی طرف اور بھروسہ رکھو اللہ پر۔ بیشک وہ سب کچھ سننے والا جاننے والا ہے۔ |
| وَاِنْ يُّرِيْدُوْٓا اَنْ يَّخْدَعُوْكَ فَاِنَّ حَسْبَكَ اللّٰهُ ؕ هُوَ الَّذِيْٓ اَيَّدَكَ | اور اگر ان کا ارادہ یہ ہو کہ فریب دیں تم کو تو یقینا کافی ہے تمہارے لئے اللہ۔ وہی تو ہے جس نے تقویت بخشی تم کو اپنی مدد سے اور |

| | |
|---|---|
| بِنَصۡرِهٖ وَ بِالۡمُؤۡمِنِيۡنَ ﴿۶۲﴾ | مومنوں کے ذریعہ سے۔ |
| وَ اَلَّفَ بَيۡنَ قُلُوۡبِهِمۡ ‌ؕ لَوۡ اَنۡفَقۡتَ مَا فِى الۡاَرۡضِ جَمِيۡعًا مَّاۤ اَلَّفۡتَ بَيۡنَ قُلُوۡبِهِمۡ وَلٰـكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَيۡنَهُمۡ‌ؕ اِنَّهٗ عَزِيۡزٌ حَكِيۡمٌ ﴿۶۳﴾ | اور اسنے الفت ڈالدی انکے دلوں میں۔اگر تم خرچ کردیتے جو کچھ زمین میں ہے سب کا سب۔تو نہیں ڈال سکتے تھے الفت انکے دلوں میں ۔لیکن اللہ نے الفت ڈالدی انکے درمیان۔بیشك وہ زبردست حکمت والا ہے۔ |
| يٰۤاَيُّهَا النَّبِىُّ حَسۡبُكَ اللّٰهُ وَمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ ﴿۶۴﴾ | اے نبی کافی ہے تمہارے لئے اللہ اور (ان کے لئے بھی) جنہوں نے تمہاری اتباع کی مومنوں میں سے۔ |
| يٰۤاَيُّهَا النَّبِىُّ حَرِّضِ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ عَلَى الۡقِتَالِ‌ ؕ اِنۡ يَّكُنۡ مِّنۡكُمۡ عِشۡرُوۡنَ صَابِرُوۡنَ يَغۡلِبُوۡا مِائَتَيۡنِ‌ ۚ وَاِنۡ يَّكُنۡ مِّنۡكُمۡ مِّائَةٌ يَّغۡلِبُوۡۤا اَلۡفًا مِّنَ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا بِاَنَّهُمۡ قَوۡمٌ لَّا يَفۡقَهُوۡنَ ﴿۶۵﴾ | اے نبی ترغیب دو مومنوں کو جہاد کی ۔اگر ہوں گے تم میں بیس ثابت قدم رہنے والے تو غالب رہیں گے دو سو پر۔اور اگر ہوں گے تم میں سو (ثابت قدم) تو غالب رہیں گے ہزار پر ان لوگوں میں سے جنہوں نے کفر کیا کیونکہ وہ ایسے لوگ ہیں کہ نہیں کچھ بھی سمجھ رکھتے۔ |
| اَلۡــٴٰـنَ خَفَّفَ اللّٰهُ عَنۡكُمۡ وَعَلِمَ | اب تخفیف کردی ہے اللہ نے تم پر اور |

| | |
|---|---|
| اَنَّ فِيۡكُمۡ ضَعۡفًا ؕ فَاِنۡ يَّكُنۡ مِّنۡكُمۡ مِّائَةٌ صَابِرَةٌ يَّغۡلِبُوۡا مِائَتَيۡنِ ۚ وَاِنۡ يَّكُنۡ مِّنۡكُمۡ اَلۡفٌ يَّغۡلِبُوۡۤا اَلۡفَيۡنِ بِاِذۡنِ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ مَعَ الصّٰبِرِيۡنَ ﴿۶۶﴾ | معلوم کر لیا ہے کہ تم میں کسی قدر کمزوری ہے۔ پس اگر ہوں گے تم میں ایک سو ثابت قدم تو غالب رہیں گے وہ دو سو پر۔ اور اگر ہوں گے تم میں ایک ہزار تو وہ غالب رہیں گے دو ہزار پر اللہ کے حکم سے۔ اور اللہ ساتھ ہے ثابت قدم رہنے والوں کے۔ |
| مَا كَانَ لِنَبِىٍّ اَنۡ يَّكُوۡنَ لَهٗۤ اَسۡرٰى حَتّٰى يُثۡخِنَ فِى الۡاَرۡضِ ؕ تُرِيۡدُوۡنَ عَرَضَ الدُّنۡيَا ۖ وَاللّٰهُ يُرِيۡدُ الۡاٰخِرَةَ ؕ وَاللّٰهُ عَزِيۡزٌ حَكِيۡمٌ ﴿۶۷﴾ | نہیں (شایاں) ہے نبی کے لئے کہ رہیں اس کے پاس قیدی جب تک کہ (نہ دشمنوں کو) کچل دے اچھی طرح سے زمین میں۔ تم چاہتے ہو مال دنیا کے اور اللہ چاہتا ہے (تمہارے لئے) آخرت۔ اور اللہ غالب ہے حکمت والا ہے۔ |
| لَوۡ لَا كِتٰبٌ مِّنَ اللّٰهِ سَبَقَ لَمَسَّكُمۡ فِيۡمَاۤ اَخَذۡتُمۡ عَذَابٌ عَظِيۡمٌ ﴿۶۸﴾ | اگر نہ ہوتا نوشتہ اللہ کا پہلے سے تو ضرور ہوتا تم کو اسپر جو (فدیہ) لیا تھا تم نے عذاب بہت بڑا۔ |
| فَكُلُوۡا مِمَّا غَنِمۡتُمۡ حَلٰلًا طَيِّبًا ۖ وَّاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوۡرٌ رَّحِيۡمٌ ﴿۶۹﴾ | پس کھاؤ اس میں سے جو مال غنیمت ملا ہے تمہیں حلال طیب۔ اور ڈرتے رہو اللہ سے۔ بیشک اللہ بخشنے والا ہے مہربان ہے۔ |

يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّمَنْ فِيْۤ اَيْدِيْكُمْ
مِّنَ الْاَسْرٰۤى ۙ اِنْ يَّعْلَمِ اللّٰهُ فِيْ
قُلُوْبِكُمْ خَيْرًا يُّؤْتِكُمْ خَيْرًا مِّمَّاۤ
اُخِذَ مِنْكُمْ وَ يَغْفِرْ لَكُمْ ؕ وَ اللّٰهُ
غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۷۰﴾

اے نبی کہدو ان سے جو ہیں تمہارے قبضے میں قیدیوں میں سے۔ اگر معلوم کرے گا اللہ تمہارے دلوں میں نیکی تو عنایت فرمائے گا تمہیں بہتر اس سے جو لے لیا گیا ہے تم سے اور معاف کردے گا تمہیں ۔ اور اللہ بخشنے والا ہے مہربان ہے۔

وَاِنْ يُّرِيْدُوْا خِيَانَتَكَ فَقَدْ خَانُوا
اللّٰهَ مِنْ قَبْلُ فَاَمْكَنَ مِنْهُمْ ؕ وَ اللّٰهُ
عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۷۱﴾

اور اگر وہ ارادہ کریں تم سے خیانت کرنے کا تو بیشک وہ خیانت کرچکے ہیں اللہ سے اس سے پہلے ۔ تو اس نے قابض کردیا تمہیں انپر۔ اور اللہ سب کچھ جاننے والا حکمت والا ہے۔

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ هَاجَرُوْا
وَجٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ فِيْ
سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰوَوْا وَّنَصَرُوْۤا ؕ
اُولٰٓئِكَ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ؕ
وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ لَمْ يُهَاجِرُوْا مَا
لَكُمْ مِّنْ وَّلَايَتِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ
حَتّٰى يُهَاجِرُوْا وَاِنِ اسْتَنْصَرُوْكُمْ

یقیناً وہ لوگ جو ایمان لائے اور جنہوں نے ہجرت کی اور جہاد کیا انہوں نے اپنے مالوں سے اور اپنی جانوں سے اللہ کی راہ میں ۔ اور وہ لوگ جنہوں نے (انکو) رہنے کو جگہ دی اور (انکی) مدد کی۔ یہی لوگ ہیں جو آپس میں ایک دوسرے کے رفیق ہیں۔ اور وہ لوگ جو ایمان لے آئے اور نہیں ہجرت کی تو نہیں ہے تمہیں انکی رفاقت سے کچھ سروکار جب تک کہ وہ ہجرت (نہ) کریں۔ اور اگر وہ مدد طلب

فِي الدِّيْنِ فَعَلَيْكُمُ النَّصْرُ اِلَّا عَلٰى
قَوْمٍۢ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ مِّيْثَاقٌ ۗ وَاللّٰهُ
بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿٧٢﴾

کریں تم سے دین کے معاملات میں تو تم کو لازم ہے مدد کرنا ۔ مگر ان لوگوں کے مقابلے میں کہ تم میں اور ان میں صلح کا عہد ہو ۔ اور اللہ اسکو جو کچھ تم کرتے ہو دیکھ رہا ہے ۔

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ
بَعْضٍ ۗ اِلَّا تَفْعَلُوْهُ تَكُنْ فِتْنَةٌ فِي
الْاَرْضِ وَفَسَادٌ كَبِيْرٌ ﴿٧٣﴾

اور وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا وہ آپس میں ایک دوسرے کے رفیق ہیں ۔ اگر نہ کرو گے تم یہ (مومنوں میں آپس کی رفاقت) تو برپا ہو جائے گا فتنہ زمین میں اور فساد بہت بڑا ۔

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا
فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰوَوْا
وَّنَصَرُوْٓا اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ
حَقًّا ۗ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ
كَرِيْمٌ ﴿٧٤﴾

اور وہ لوگ جو ایمان لائے اور جنہوں نے ہجرت کی اور جہاد کیا انہوں نے اللہ کی راہ میں ۔ اور وہ لوگ جنہوں نے (انکو) رہنے کو جگہ دی اور (انکی) مدد کی ۔ یہی لوگ ہیں جو مومن ہیں سچے ۔ ان کے لئے مغفرت اور رزق ہے عزت والا ۔

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْۢ بَعْدُ وَهَاجَرُوْا
وَجٰهَدُوْا مَعَكُمْ فَاُولٰٓئِكَ مِنْكُمْ ۗ
وَاُولُوا الْاَرْحَامِ بَعْضُهُمْ اَوْلٰى
بِبَعْضٍ فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ ۗ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ

اور وہ لوگ جو ایمان لائے بعد میں اور وہ ہجرت کر گئے اور جہاد کرتے رہے تمہارے ساتھ ہو کر تو وہ لوگ بھی ہیں تم ہی میں سے ۔ اور رشتہ دار ایک دوسرے کے زیادہ قریب (حقدار) ہیں اللہ کی کتاب کی رو سے ۔ بیشک اللہ ہر

| | |
|---|---|
| شَیْءٍ عَلِیْمٌ ﴿٧٥﴾ ع | چیز سے واقف ہے۔ |